سورہ ممتحنہ کی آیت کریمہ کے بارے میں درمیانی راستہ

المحجۃ المؤتمنۃ فی اٰیۃ المُمتحنۃ

۱۳۳۹ھ

تصنیف لطیف:-

اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمہ

ALAHAZRAT NETWORK

اعلیٰحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

المحجۃ المؤتمنۃ فی اٰیۃ الممتحنۃ

۳۹ ۱۳

(سورۂ ممتحنہ کی آیت کریمہ کے بارے میں درمیانی راستہ)

مسئلہ ۱۸۲ مرسلہ مولوی حاکم علی صاحب بی اے حنفی نقشبندی مجددی پروفیسر سائنس اسلامیہ کالج لاہور ۱۴ صفر ۱۳۳۹ھ

اللہ تعالٰی نے ہمیں کافروں اور یہود ونصارٰی کے تولّی سے منع فرمایا ہے مگر ابوالکلام زبردستی تولّی کے معنی "معاملت" اور ترکِ موالات کو "ترکِ معاملت" (نان کوآپریشن) قرار دیتے ہیں اور یہ صریح زبردستی ہے جو اللہ تعالٰی کے کلام پاک کے ساتھ کی جارہی ہے، مذکور نے ۲۰ اکتوبر ۱۹۲۰ء کی جنرل کونسل کی کمیٹی میں تشریف لاکر اطلاق یہ کردیا کہ جب تک اسلامیہ کالج لاہور کی امداد بند نہ کی جائے اور یونیورسٹی سے اس کا قطع الحاق نہ کیا جائے تب تک انگریزوں سے ترکِ موالات نہیں ہوسکتی اور اسلامیہ کالج کے لڑکوں کو فتوٰی دے دیا کہ اگر ایسا نہ ہو تو کالج چھوڑ دو، لہذا اس طرح سے کالج میں بے چینی پھیلادی کہ پھر پڑھائی کا سخت نقصان ہونا شروع ہوگیا، علامہ مذکور کا یہ فتوٰی غلط ہے یونیورسٹی

نقلِ خط مولوی صاحب آقائے نامدار مؤیدِ ملّتِ طاہرہ مولٰنا وبالفضل اولٰنا جناب شاہ احمد رضاخاں صاحب دام ظلہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پشت ہذا

(باقی برصفحہ آئندہ)

الم تر الی الذین نافقوا یقولون لاخوانھم کفروا[1] — کیا تم نے نہ دیکھا منافقوں کو کہ اپنے بھائی کافروں سے کہتے ہیں۔

وہاں من اھل الکتاب تھا یہاں اس سے بڑھ کر من المشرکین ہُوا۔

کافروں سے اتحاد کرنے والے بحکمِ قرآن کافر ہیں

دوم، اُن سے اتحاد، حالانکہ قرآن عظیم بیس سے زیادہ آیات میں اسے مردود و ملعون فرما چکا اور جابجا صاف ارشاد فرمادیا کہ ایسا کرنے والے انھیں میں سے ہیں ومن یتولھم منکم فانہ منھم[2]، ایسا کرنے والے مسلمان نہیں لا تجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاٰخر یوادون من حاد اللہ و رسولہ[3]، ایسا کرنے والوں کو اللہ و رسول و قرآن پر ایمان نہیں ولو کانوا یؤمنون باللہ والنبی وما انزل الیہ ما اتخذوھم اولیاء[4]۔

کافروں کا حلیف بننا حرام ہے

سوم، مشرکین کے حلیف بننا انھیں اپنا حلیف بنانا، حالانکہ حلیف بنانا منسوخ ہوچکا ہے۔

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لا تحدثوا فی الاسلام حلفا۔ رواہ الامام احمد فی المسند و محمد بن عیسٰی فی الجامع عن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہ بسند حسن[5]۔ — اب اسلام میں کوئی حلف پیدا نہ کرو۔ یہ حدیث امام احمد نے مسند اور امام محمد بن عیسٰے نے جامع میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہ سے بسند حسن روایت کی۔

یہ منسوخات ہی کے عمل پر رہیں کل کو شراب بھی حلال کرلیں گے اور خدا جانے کہاں کہاں تک بڑھیں گے، رب عزوجل فرماتا ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۵۹/ ۱۱
[2] 〃 ۵/ ۵۱
[3] 〃 ۵۸/ ۲۲
[4] 〃 ۵/ ۸۱
[5] جامع الترمذی ابواب السیر باب ماجاء فی الحلف امین کمپنی کتب خانہ رشیدیہ دہلی ۱/ ۱۹۲
مسند احمد بن حنبل مسند عبداللہ بن عمرو بن عاص دارالفکر بیروت ۲/ ۲۰۷، ۲۱۳

یاایھا الذین لاتتخذوا الذین اتخذوا دینکم ھزوا ولعبا من الذین اوتوا الکتٰب من قبلکم والکفار اولیاء واتقوا اللہ ان کنتم مؤمنین[1]

اے ایمان والو! وہ جو تمھارے دین کو ہنسی کھیل ٹھہراتے ہیں جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور باقی سب کافر ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ اور اللہ سے ڈرو اگر تم مسلمان ہو۔

تفسیر ابن جریر میں اس آیۂ کریمہ کے تحت میں ہے:

یقول لاتتخذوھم ایھا المؤمنون انصارا او اخوانا او حلفاء فانھم لایألونکم خبالا وان اظھروا لکم مودۃ وصداقۃ۔[2]

رب عزوجل فرماتا ہے اے مسلمانو! کافروں کو مددگار یا بھائی اور حلیف نہ بناؤ وہ تمھاری ضرر رسانی میں کمی نہ کریں گے اگرچہ تم سے دوستی و یارانہ ظاہر کریں۔

فقہ و حدیث کے حاوی امام اجل ابوجعفر طحاوی رحمہ اللہ تعالٰی نے مشکل الآثار میں یہ تحقیق فرمائی کہ مشرکوں سے استعانت حرام ہے کتابی سے ہوسکتی ہے اس پر حدیث سوم کہ فائدہ ثانیہ میں آتی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ابن اُبی منافق کے چھ سو حلیف یہودیوں کو واپس کردیا اور اُنھیں مشرکین فرمایا اعتراضا وارد کی کہ دیکھو حضور نے یہود کو بھی مشرکین سے گنا اور ان سے استعانت کو بھی مشرکین سے استعانت قرار دیا اس کے جواب میں فرمایا اس کی وجہ اُن کا اُس مشرک منافق سے حلف ہے کہ حلف کرنے والے جس سے حلف کرتے ہیں اس کی موافقت قبول کرتے ہیں تو مشرک کے حلیف ہو کر وہ کتابی نہ رہے مرتد ہوگئے اور اسی طرح مشرک۔ عبارت یہ ہے:

جوابنا ان وجہ قول رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لھٰؤلاء الیھود علی ما بینھم وبین ابن ابی المنافق من الحلف والمحالفۃ ھی الموافقۃ من الحالفین للمحالفین فکانوا بذٰلک خارجین من اھل الکتاب مرتدین عما کانوا علیہ وصاروا مشرکین کمشرکی العرب[3] (ملخصاً)

امام ابوالولید باجی نے مختصر پھر علامہ یوسف دمشقی نے معتصر میں اسے مقرر رکھا

---

[1] القرآن الکریم ۵/۵۷

[2] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت آیۃ ۵/۵۷ المطبعۃ المیمنۃ مصر ۶/۱۶۹

[3] مشکل الآثار للطحاوی کتاب الجہاد باب بیان مشکل ماروی عن رسول اللہ الخ دار صادر بیروت ۳/۲۴۱

ان بنی قینقاع بمحالفتہم عبد اللہ صاروا کالمرتدین فخرجوا بہ عن حکم اھل الکتاب فصاروا کالمشرکین فکان لہم حکمہم فلذٰلک منعوا وسموا مشرکین[1] (ملتقطا)

بنی قینقاع کے یہودی ابن اُبی کے حلیف بن کر مرتدوں کے مثل ہوگئے تو کتابیوں کے حکم میں نہ رہے اور مشرکوں کی طرح ہوگئے تو اُن کا وہی حکم ہوا جو مشرکوں کا، اسی واسطے حدیث نے انھیں منع فرمایا اور اُن کا نام مشرک رکھا۔ (ملتقطا)

سبحان اللہ! یہودی مشرک کے حلیف بن کر کتابی نہ رہے مرتد و مشرک ہوگئے حالانکہ الکفر ملۃ واحدۃ مگر کلمہ گو لیڈر مشرکین ہند کے حلیف پس رو غلام بن کر نہ مرتد ہُوئے نہ مشرک، ہٹے کٹے مسلمان ہی بنے رہے ؎

مشرک سے عہد باندھ کے مشرک ہوئے یہود
یہ مشرکوں کے عبد مسلمان ہی رہے

اقول حلف جب دو مساوی گروہوں میں ہو فریقین یکساں ہیں اور جب مغلوب وضعیف گروہ دُوسرے کی پناہ لے کر اس کا حلیف بنے تو پُوری موافقت کا بار اسی پر ہے اس کی طرف سے صرف قبول پناہ وہی ہے، ابن ابی خبیث نے بڑی سطوت پیدا کرلی تھی یہاں تک کہ اس کے لئے تاج تیار کیا جاتا تھا قریب تھا کہ اُسے بادشاہ بنایا جائے تو یہود بنی قینقاع کا حلف اُس کی شوکت سے مستفید ہی ہونے کو تھا، ولہذا امام نے فرمایا: ھی الموافقۃ من الحالفین للمحالفین[2] (حلف کرنے والے جس سے حلف کرتے ہیں اس کی موافقت قبول کرتے ہیں۔ ت) نہ اختصار کی طرح الموافقۃ بین المتحالفین[3] (حلف کرنے والوں کے درمیان موافقت۔ ت) پھر در بارۂ ادیان حکم یہ ہے کہ نازل سے مجرد ارادۂ موافقت نازل کردیتا ہے اور صعد کے لئے صرف ارادہ کافی نہیں، مسلمان اگر معاذ اللہ ارادۂ کفر کرے گا کافر ہوجائے گا، لیکن کافر محض ارادۂ اسلام سے مسلمان نہ ہوگا جب تک اسلام قبول نہ کرے، یوں ہی کتابی صرف ارادۂ موافقتِ مشرکین سے مشرک ہوسکے گا مشرک نِرے ارادے سے کتابی نہ ہوجائے گا لہذا وہ یہودی مشرک ہوگئے، ابن ابی خبیث کتابی نہ ہوا۔ یونہی حلیفانِ مشرکینِ ہند پر

---

[1] المعتصر من المختصر کتاب الجہاد باب فی الاستعانۃ بالمشرک دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدر آباد دکن ۱/۲۳۰
[2] مشکل الآثار للطحاوی باب بیان مشکل ماروی فی الاستعانۃ من الکفار دار صادر بیروت ۳/۲۴۱
[3] المعتصر من المختصر کتاب الجہاد باب فی الاستعانۃ بالمشرک دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدر آباد دکن ۱/۲۳۰

امام کا یہ حکم نافذ ہوگا، مشرکینِ ہند مسلمان نہ ہوجائیں گے۔

اصل مقصود سلفِ گورنمنٹ ہے اماکنِ مقدسہ اور ترکوں کا نام ٹٹی ہے

چہارم، اصل مقصود سلف گورنمنٹ ہے جس کی صاف تصریح بڑے بڑے لیڈران نے کردی[عـہ] اس میں اپنی کمزوری بلکہ عجز دیکھ کر مشرکوں کا دامن پکڑا اپنا یار و انصار بنایا اوروں کو چھوڑیے مولویوں میں گنے جانے والے لیڈر فرماتے ہیں[عـہ۲] "ہم تو ہندوستان کی آزادی کو ایک فرض اسلامی سمجھتے ہیں اس کے لئے ضرورت ہے کہ عام اتحاد ہو اور پوری کوشش سے مقصد حاصل کیا جائے" حالانکہ مشرکوں سے ایسی استعانت نصِ قرآنی کے خلاف اور قطعاً حرام بلکہ صراحۃً قرآن کریم کی تکذیب ہے، ہم اس بحث کو بعونہ چند فوائد میں روشن کریں:

مشرکوں سے استعانت کی بحث جلیل ہے

فائدہ اولیٰ آیات کریمہ، قرآن کریم نے منعِ موالاتِ کفار کو بکثرت آیات میں ارشاد فرمایا وہ سب اُن کو مددگار بنانے سے ممانعت ہیں، یہ اعلیٰ درجہ موالات میں ہے، ولہٰذا اکابر مفسرین نے جابجا ولی کو ناصر اور ولایت کو نصرت و معونت و مظاہرت سے تفسیر کیا، مگر ہم یہاں صرف اُن بعض آیات پر اقتصار کریں جو اپنے سوقِ نظم یا شانِ نزول سے اس مقصود کو بالخصوص افادہ فرما رہی ہیں:

استعانت بمشرکین کے حرام ہونے پر آیاتِ قرآنیہ

آیت نمبرا:

یٰایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا بطانۃ من دونکم لا یالونکم خبالا ودوا ما عنتم قد بدت البغضاء من افواھھم وما تخفی صدورھم اکبر قد بینا لکم الاٰیٰت ان کنتم تعقلون[۱]

اے ایمان والو! اپنے غیروں کو رازدار نہ بناؤ وہ تمہاری بدخواہی میں کمی نہ کریں گے اُن کی دلی تمنا ہے تمہارا مشقت میں پڑنا، دشمنی ان کے مونہوں سے ظاہر ہوچکی ہے اور وہ جو اُن کے سینوں میں دبی ہے اور بڑی ہے بیشک ہم نے تمہارے سامنے نشانیاں صاف بیان فرمادیں اگر تمہیں عقل ہو۔

[عـہ] مثل شوکت علی و محمد علی و ابوالکلام آزاد ۱۲ حشمت علی غفرلہ

[عـہ۲] وہی خطبۂ صدارت مولوی عبدالباری صاحب ۱۲ حشمت علی غفرلہ

---

[۱] القرآن الکریم ۳/ ۱۱۸

لیڈران نے اس آیہ کریمہ کو کیسا کیسا رد کیا کس کس طرح جھٹلایا

یہ آیہ کریمہ اپنے ایک ایک جملے سے اس طوفانِ بدتمیزی کو جو آج مشرکینِ ہند سے لیڈران برت رہے ہیں رَد فرماتی ہے:

ا۔ حالتِ کمزوری و عجز میں مدد کے لئے جس کسی کی طرف التجا لائی جائے ضرور ہے کہ اُسے اپنا رازدار بنایا جائے اور رب عزوجل فرماتا ہے، کسی کافر کو اپنا رازدار نہ بناؤ۔ یہ واحد قہار کی نافرمانی ہوئی۔

ب۔ ظاہر ہے کہ اُسے اپنا خیرخواہ سمجھا گیا کہ بدخواہ کے دامن میں کوئی نہ چھپے گا، اور رب عزوجل فرماتا ہے: وہ تمہاری بدخواہی میں کمی نہ کریں گے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی تکذیب ہوئی۔

ج۔ مصیبت میں التجا و استمداد اسی سے ہوگی جسے جانا جائے کہ ہمیں مشقت سے بچائے گا، اور رب عزوجل فرماتا ہے، اُن کی دلی تمنا ہے تمہارا مشقت میں پڑنا۔ یہ دوسری تکذیب ہوئی۔

د۔ چھپا دشمن جس سے اثرِ عداوت کبھی ظاہر نہ ہوا آدمی اس کے دھوکے میں آسکتا ہے اور جس کے منہ سے بغض کھل چکا اس سے قطعی احتراز کرے گا۔ رب عزوجل نے فرمادیا تھا کہ دشمنی اُن کے منہ سے ظاہر ہو چکی پھر بھی اُن کی محبت نے وہ اندھا بہرا کر دیا کہ نہ اللہ تعالے کی سُنی نہ اُن کے منہ سے جھلکی یاد رہی۔

ہ۔ اگر ایک خفیف حد کی مخالفت و رنجش ظاہر ہوتی اور اطمینان ہوتا کہ دل میں اس سے زائد نہیں تو کچھ گنجائش ہو سکتی کہ یہ ہمارا اس حد کا بدخواہ نہیں جو ایسی بھاری مصیبت میں ساتھ نہ دے۔ اس خیال ارذل کو رب عزوجل نے ان تینوں جملوں سے رَد فرمادیا کہ وہ کوئی ہلکے مخالف نہیں تمہاری بدخواہی میں کمی نہ کریں گے یہ گمان نہ کرنا کہ وہ کسی سخت سے سخت مصیبت میں تم پر کچھ ترس کرینگے اُن کی دلی تمنا ہے کہ تم مشقت میں پڑو کوئی خفیف رنجش اُن کے منہ سے ظاہر نہ ہوئی بلکہ بغض اور پوری دشمنی بیرِ عداوت، اور اس پر چوتھا جملہ یہ ارشاد فرمادیا کہ اُس پر بس نہ جانو کہ اُن کے دلوں کی دبی اور سخت تر ہے مگر انھوں نے اس واحد قہار کریم مہربان پروردگار کی ایک نہ مانی اور جملے جملے کی تکذیب ہی ٹھانی ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

آیت نمبر ۲:

بشر المنفقین بان لھم عذابا الیماۨ الذین — اے محبوب! خوشخبری دو منافقوں کو کہ اُن کے لئے

ا؎ القرآن الکریم ۳/ ۱۱۸

یتخذون الکٰفرین اولیاء من دون المؤمنین ایبتغون عندھم العزۃ فان العزۃ للہ جمیعا۔[1]

دردناک عذاب ہے، وہ جو مسلمانوں کے سوا کافروں کو مددگار بناتے ہیں کیا اُن کے پاس عزّت ڈھونڈتے ہیں عزّت تو ساری اللہ کے قبضے میں ہے۔

ظاہر ہے کہ کمزوری میں کسی کی مدد چاہنے کا یہی مطلب ہوتا ہے کہ اس کے بل بازو سے ہمیں قوت ملے گی ہماری کمزوری و ذلّت غلبہ وعزّت سے بدلے گی، اللہ عزّوجل فرماتا ہے: یہ اُن کی بدعقلی ہے کافروں کی مدد سے غلبہ وعزّت کی تمنا ہوس باطل ہے۔ اور فرماتا ہے کہ ایسا کرنے والے منافق ہیں اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔ تفسیر ارشاد العقل السلیم میں اسی آیہ کریمہ کے تحت ہے:

بیان لخیبۃ رجائھم ای یطلبون بموالاۃ الکفر القوۃ والغلبۃ (فان العزۃ للہ جمیعا) تعلیل لبطلان رأیھم فان انحصار جمیع افراد العزۃ فی جنابہ عزوعلا بحیث لاینا لھا الا اولیاءہ قال تعالٰی وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین یقضی ببطلان التعزز بغیرہ واستحالۃ الانتفاع بہ۔[2] (مختصرا)۔

اس آیت میں ان کی نامرادی کا بیان ہے جو کافروں سے استعانت کرتے ہیں، فرماتا ہے کیا کافروں کی دوستی سے غلبہ وقوّت چاہتے ہیں عزت تو ساری اللہ کے لئے ہے، اس میں ان کی رائے فاسد ہونے پر دلیل فرمائی کہ جب تمام عزتیں حضرت عزت کے لئے خاص ہیں کہ اس کے دوستوں کے سوا کسی کو نہیں مل سکتیں کہ اللہ تعالٰی فرماتا ہے عزت صرف اللہ و رسول اور مسلمانوں کے لئے ہے، تو اس سے واجب ہوا کہ غیروں سے عزّت چاہنا باطل اور اُن سے نفع پہنچنا محال۔ (مختصراً)

آیت نمبر ۳:

لایتخذ المؤمنون الکٰفرین اولیاء من دون المؤمنین ومن یفعل ذٰلک فلیس من اللہ فی شیئ۔[3]

مسلمان مسلمانوں کے سوا کافروں کو مددگار نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا اسے اللہ سے کچھ علاقہ نہیں۔

تفسیر لباب التاویل میں ہے:

ان عبادۃ بن الصامت کان لہ حلفاء من الیھود فقال یوم الاحزاب یارسول اللہ

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۱۳۹

[2] ارشاد العقل السلیم تفسیر ابی السعود تحت آیہ ۴/ ۱۳۸ و ۱۳۹ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۲۴۴

[3] القرآن الکریم ۳/ ۲۸

معی خمسمائة من الیھود وقد رأیت ان استظھر بھم علی العدو فنزلت ھذہ الاٰیة وقولہ (لا یتخذ المؤمنون) الاٰیة یعنی انصارا او اعوانا (من دون المؤمنین) یعنی من غیر المؤمنین والمعنی لا یجعل المؤمن ولایتہ لمن ھو غیر مؤمن نھی اللہ المؤمنین ان یوالوا الکفار او یلاطفوھم لقرابة بینھم او محبة او معاشرة والمحبة فی اللہ والبغض فی اللہ باب عظیم واصل من اصول الایمان[1]

یعنی عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالٰی عنہ کے کچھ یہودی حلیف تھے غزوۂ احزاب میں انھوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ساتھ پانسو یہودی ہیں میری رائے ہوتی ہے کہ دشمن پر اُن سے مدد لوں۔ اس پر یہ آیۂ کریمہ اُتری کہ مسلمان غیر مسلم کو مددگار نہ بنائیں کہ یہ مسلمانوں کو حلال نہیں اللہ تعالٰی نے مسلمانوں کو منع فرمایا کہ رشتے خواہ یارانے خواہ نرے میل کے باعث کافروں سے دوستانہ برتیں یا اُن سے لُطف ونرمی کے ساتھ پیش آئیں اور اللہ کے لئے محبت اور اللہ کے لئے عداوت ایک عظیم باب اور ایمان کی جڑ ہے۔

مدارک شریف پارہ ۶ میں ہے:

ای لاتتخذوھم اولیاء تنصرونھم وتستنصرونھم وتؤاخونھم وتعاشرونھم معاشرة المؤمنین[2]۔

یعنی رب عزوجل فرماتا ہے کافروں کو دوست نہ بناؤ کہ تم ان کے معاون بنو اور اُن سے اپنے لئے مدد چاہو اُنھیں بھائی بناؤ دُنیوی برتاؤ اُن کے ساتھ مسلمانوں کا سا رکھو اس سب سے منع فرماتا ہے۔

تفسیر کبیر پارہ ۶ میں ہے:

المراد ان اللہ تعالٰی امر المسلمین ان لایتخذ الحبیب والناصر الا من المسلمین[3]۔

یعنی مرادِ آیت یہ ہے کہ اللہ تعالٰی مسلمانوں کو حکم فرماتا ہے کہ صرف مسلمانوں ہی کو اپنا دوست مددگار بنائیں۔

اسی میں ہے:

---

[1] لباب التاویل (تفسیر الخازن) تحت آیۃ ۳/ ۲۸ مصطفی البابی مصر ۱/ ۲۳۶

[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت آیہ لاتتخذوا الیہود الخ دار الکتاب العربی بیروت ۱/ ۲۸۶

[3] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) ؍؍ ؍؍ انما ولیکم اللہ ورسولہ الخ المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر ۱۲/ ۳۰

یعنی لاتتخذوھم اولیاء ای لاتعتمدوا علی الاستنصار بھم ولا تتوددوا الیھم۔[1]

یعنی مرادِ آیت یہ ہے کہ کافروں کی مدد و یاری پر اعتماد نہ کرو۔

تفسیر ابی السعود و تفسیر فتوحاتِ الٰہیہ میں زیرِ آیۂ مذکورہ ہے:

نھوا عن موالاتھم لقرابۃ اوصداقۃ جاھلیۃ و نحوھما من اسباب المصادقۃ و المعاشرۃ وعن الاستعانۃ بھم فی الغزو وسائر الامور الدینیۃ۔[2]

یعنی مسلمان منع کئے گئے کافروں کی دوستی سے خواہ وہ رشتہ داری ہو یا اسلام سے پہلے کا یارانہ یا کسی سبب یاری خواہ میل جول کے سبب اور منع کئے گئے اس سے کہ جہاد یا کسی دینی کام میں کافروں سے استعانت کریں۔

آیت نمبر ۴:

فان تولوا فخذوھم واقتلوھم حیث وجدتموھم ولاتتخذوا منھم ولیا ولا نصیرا۔[3]

اگر کافر ایمان لانے سے مُنہ پھیریں تو انھیں پکڑو اور جہاں پاؤ قتل کرو اور ان میں کسی کو دوست نہ بناؤ۔

اس آیۂ کریمہ میں ولی کے ساتھ لفظ نصیر خود ہی صاف ارشاد ہے کہ اُنھیں دوست ٹھہرانا بھی حرام اور مددگار بنانا بھی حرام۔ تفسیر مدارک التنزیل میں ہے:

(فان تولوا) عن الایمان (فخذوھم و اقتلوھم حیث وجدتموھم ولاتتخذوا منھم ولیا ولا نصیرا) وان بذلوا لکم الولایۃ والنصرۃ فلا تقبلوا منھم (الا الذین یصلون الی قوم) یتصلون بھم والاستثناء من قولہ فخذوھم واقتلوھم دون الموالاۃ۔[4]

اگر وہ ایمان لانے سے منہ پھیریں تو انھیں پکڑو اور جہاں پاؤ مارو اور اُن میں کسی کو نہ دوست بناؤ نہ مددگار، اور اگر وہ بلامعاوضہ بھی تمھاری دوستداری و مددگاری بگھاریں جب بھی قبول نہ کرو مگر جو اہلِ معاہدہ سے ملیں یہ پکڑنے اور قتل کرنے سے استثناء ہے نہ دوستی سے کہ وہ تو ہر کافر سے مطلقاً حرام ہے۔

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) زیرِ آیۃ لاتتخذوا الیھود الخ المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر ۱۲/۱۶

[2] ارشاد العقل السلیم تفسیر ابی السعود ،، ،، لایتخذ المومنون الکافرین اولیاء۔ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/۲۳

[3] القرآن الکریم ۴/۸۹

[4] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) زیرِ آیہ ۴/۸۹ دارالکتاب العربی بیروت ۱/۲۴۲

تفسیر بیضاوی میں ہے :

ای جانبوھم رأسا ولا تقبلوا منھم ولایۃ ولا نصرۃ۔[1]

یعنی ان سے بالکل دُور رہو اور ان کی دوستی و مدد کچھ نہ قبول کرو۔

تفسیر ابی السعود میں ہے :

ای جانبوھم مجانبۃ کلیۃ ولا تقبلوا منھم ولایۃ ولا نصرۃ ابدا۔[2]

یعنی کافروں سے بالکل کنارہ کش رہو اور کبھی ان کی دوستی و مدد قبول نہ کرو۔

تفسیر فتوحاتِ الٰہیہ میں ہے :

ھذا مستثنی من الاخذ والقتل اما الموالاۃ فحرام مطلقا لا تجوز بحال۔[3]

یہ استثناء گرفتاری و قتل سے ہے ، رہی کافر سے موالات وہ تو مطلقاً حرام ہے کسی حال میں جائز نہیں۔

تفسیر خازن میں ہے :

ھذا الاستثناء یرجع الی القتل لا الی الموالاۃ لان موالاۃ الکفار والمنافقین لا تجوز بحال۔[4]

یہ استثناء قتل کی طرف پھرتا ہے نہ کہ موالات کی جانب ، اس لئے کہ کافروں اور منافقوں سے موالات تو کسی حال میں حلال نہیں۔

تفسیر کرخی میں ہے :

استثناء من مفعول فاقتلوھم لا من قولہ ولا تتخذوا منھم ولیا ولا نصیرا وان کان اقرب مذکور لان اتخاذ الولی منھم حرام بلا استثناء بخلاف قتلھم۔[5]

معاہدوں سے ملنے والوں کا استثناء ان سے ہے جن کی بابت حکم فرمایا تھا کہ انھیں قتل کرو ، اس ارشاد سے استثناء نہیں کہ اُن میں نہ کسی کو دوست بناؤ نہ مددگار ، اگرچہ ذکر میں یہی قریب تر ہے اس واسطے کہ کافروں سے کسی کو دوست بنانا بلا استثناء حرام ہے بخلاف اُن کے قتل کے کہ

---

[1] انوار التنزیل مع القرآن الکریم (بیضاوی) زیر آیہ ۴/ ۸۹ مصطفی البابی مصر ۱/ ۹۳

[2] ارشاد العقل السلیم (تفسیر ابی السعود) " " " " دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۲۱۳

[3] الفتوحات الالٰہیۃ (الشہیر بالجمل) " " " " " مصطفی البابی مصر ۱/ ۴۰۹

[4] لباب التاویل (تفسیر الخازن) " " " " " " " " ۱/ ۵۷۱

[5] تفسیر کرخی

اس سے معاہدین مستثنٰی ہیں۔

تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے:

قال الطیبی لامن الضیق ولا تتخذوا وان کان اقرب لان اتخاذ الولی منھم منھم حرام مطلقا[1]

طیبی نے کہا دوست یا مددگار بنانے کی ممانعت سے استثناء نہیں اگرچہ وہ قریب تر ہے اس لئے کہ کافروں میں سے کسی کو دوست بنانا مطلقاً حرام ہے اگرچہ معاہد ہو۔

اقول اس پر خود سیاق کریمہ دال کہ قتل و قتال ہی کے منع و رخصت کا ذکر ہے یونہی عموم حکم نفس استثناء کا مفاد کہ مجاہرین متصلین بالمعاہدین و معاہدین غیر جانبداران فین مستثنٰی فرمائے واللہ تعالٰی اعلم۔

استعانت بمشرکین کی تحریم پر صحیح حدیثیں

فائدہ ثانیہ، صحاح احادیث ناطق۔

حدیث ۱: صحیح مسلم و سنن اربعہ و مشکل الآثار امام طحاوی میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے ہے جب حضور انور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بدر کو تشریف لے چلے سنگستان وبرہ میں (کہ مدینہ طیبہ سے چار میل ہے) ایک شخص جس کی جرأت و بہادری مشہور تھی حاضر ہوا، اصحاب کرام اُسے دیکھ کر خوش ہوئے، اس نے عرض کی، میں اس لئے حاضر ہوا کہ حضور کے ہمراہ رکاب رہوں اور قریش سے جو مال ہاتھ لگے اُس میں سے میں بھی پاؤں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اتؤمن باللہ ورسولہ کیا تُو اللہ و رسول پر ایمان رکھتا ہے؟ کہا: نہ۔ فرمایا: "فارجع فلن نستعین بمشرک" تُو پلٹ جا ہم ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ چاہیں گے۔ پھر حضور تشریف لے چلے جب ذو الحلیفہ پہنچے (کہ مدینہ طیبہ سے چھ میل ہے) وہ پھر حاضر ہوا، صحابہ خوش ہوئے کہ واپس آیا وہی پہلی بات عرض کی اور حضور نے وہی جواب ارشاد فرمایا کہ کیا تُو اللہ و رسول پر ایمان لاتا ہے؟ کہا: نہ۔ فرمایا: "فارجع فلن نستعین بمشرک" واپس جا ہم ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ لیں گے۔ پھر حضور تشریف لے چلے جب وادی میں پہنچے وہ پھر آیا اور صحابہ خوش ہوئے اُس نے وہی عرض کی، حضور نے فرمایا: کیا تُو اللہ و رسول پر ایمان لاتا ہے؟ عرض کی: ہاں۔ فرمایا: فنعم

---

[1] عنایۃ القاضی علی تفسیر البیضاوی زیر آیہ ۴/۸۹ دار صادر بیروت ۳/۱۶۵

اذن[1]۔ ہاں اب چلو۔

حدیث ۲: امام احمد و اسحٰق بن راہویہ مسانید اور امام بخاری تاریخ اور ابوبکر بن ابی شیبہ مصنّف اور امام طحاوی مشکل الآثار اور طبرانی معجم کبیر اور حاکم صحیح مستدرک میں خبیب بن اساف رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی حضور اقدس صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایک غزوہ[عہ1] کو تشریف لئے جاتے تھے میں اور میری قوم سے ایک شخص حاضر ہوئے ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمیں شرم آتی ہے کہ ہماری قوم کسی معرکہ میں جائے اور ہم نہ جائیں (یہ قوم خزرج سے تھے کہ انصار سے ایک بڑا گروہ ہے) حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دونوں مسلمان ہوئے؟ کہا: نہ۔ فرمایا: فانا لا نستعین بالمشرکین علی المشرکین تو ہم مشرکوں سے مشرکوں پر مدد نہیں چاہتے۔ اس پر ہم دونوں اسلام لائے اور ہمراہ رکاب اقدس شریک جہاد ہوئے[2]۔ حاکم نے کہا: یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ یونہی تنقیح میں اس کے رجال کی توثیق کی۔

حدیث ۳: امام واقدی مغازی اور امام اسحٰق بن راہویہ مسند اور امام طحاوی مشکل الآثار اور طبرانی معجم کبیر و معجم اوسط میں ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم روزِ اُحد تشریف لے چلے جب ثنیۃ الوداع سے آگے بڑھے ایک بھاری لشکر ملاحظہ فرمایا ارشاد ہوا: یہ کون ہیں؟ عرض کی گئی: یہود بنی قینقاع قوم عبداللہ بن سلام حلفائے عبداللہ بن اُبی (یہ لفظِ طحاوی ہیں اور لفظ ابن راہویہ یوں ہی عرض کی گئی یہ عبداللہ بن اُبی ہے اپنے حلیفوں کے ساتھ کہ قوم عبداللہ بن سلام کے یہود ہیں، اور لفظ واقدی میں ہے یہ ابن اُبی کے حلیف یہودی ہیں اور لفظ طبرانی میں ہے یہ عبداللہ بن اُبی ہے چھ سو یہودیوں کے ساتھ کہ اُس کے

عہ۱: یہ غزوہ غزوۂ بدر ہے کما فی اسد الغابہ ۱۲ منہ غفرلہ

عہ۲: اقول یہ لفظ مستدرک میں ہے اور مشکل الآثار و مسند احمد میں نہیں قبل اسلام اس کا کہنا باعتبار عرف مسلمین ہوگیا یا یوں کہ اُس وقت بھی ایقان تھا اگرچہ اذعان بعد کو ہوا ۱۲ منہ غفرلہ

---

[1] صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب کراہیۃ الاستعانۃ فی الغزو الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۱۱۸
مشکل الآثار للطحاوی باب بیان مشکل ماروی فی الاستعانۃ من الکفار دار صادر بیروت ۲/ ۲۳۷

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۲/ ۲۳۹

حلیف ہیں فرمایا: کیا اسلام لے آئے؟ عرض کی: نہ، وہ اپنے دین پر ہیں۔ فرمایا:

قل لھم فلیرجعوا فانا لانستعین بالمشرکین علی المشرکین[1]
ان سے کہہ دو لوٹ جائیں ہم مشرکوں پر مشرکوں سے مدد نہیں لیتے۔

اقول یہ حدیث بھی حسن صحیح ہے مسند امام اسحٰق میں اس کی سند یوں ہے:

اخبرنا الفضل بن موسٰی عن محمد بن عمرو بن علقمۃ عن سعد بن المنذر عن ابی حمید الساعدی رضی اللہ تعالٰی عنہ[2]
ہمیں خبر دی فضل بن موسٰی نے محمد بن عمرو بن علقمہ سے انھوں نے سعد بن منذر سے انھوں نے ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے۔

فضل بن موسٰی و محمد بن عمرو بن علقمہ دونوں رجال جمیع صحاح ستہ سے ہیں ثقہ ثبت وصدوق اور یہ سعد بن منذر بن ابی حمید الساعدی ہیں کما فی مشکل الآثار، ابن حبان نے انھیں ثقات میں ذکر کیا، تقریب میں کہا مقبول ہیں، تہذیب التہذیب میں ہے:

روی عن جدہ وحمزۃ بن ابی اسید وعنہ محمد بن عمرو بن علقمۃ وعبدالرحمٰن بن سلیمٰن بن الغسیل ذکرہ ابن حبان فی الثقات[3]
انھوں نے اپنے دادا حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالٰی عنہ اور حمزہ بن اسید سے علم حاصل کیا اور ان سے محمد بن عمرو بن علقمہ اور عبدالرحمٰن بن سلیمٰن ابن حضرت غسیل الملائکہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے ابن حبان نے انھیں ثقات میں ذکر کیا۔

لاجرم زرقانی علی المواہب میں ہے:

قد روی الطبرانی فی الکبیر والاوسط برجال ثقات عن ابی حمید الساعدی الحدیث[4] (عہ)
یہ حدیث طبرانی نے معجم کبیر و معجم اوسط میں بسند صحیح ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی۔

حدیث ۴: عبد بن حمید و ابو یعلٰی و ابناء جریر و منذر و ابی حاتم اور بیہقی شعب الایمان میں

---

[1] مشکل الآثار للطحاوی باب بیان مشکل ماروی فی الاستعانۃ من الکفار دارصادر بیروت ۲/ ۲۴۱
[2] نصب الرایہ بحوالہ اسحاق بن راہویہ فی مسندہ کتاب السیر کتب خانہ رشیدیہ دہلی ۳/ ۴۲۳
[3] تہذیب التہذیب ترجمہ ۸۹۹ سعد بن منذر دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ۳/ ۴۸۳
[4] شرح الزرقانی علی المواہب المقصد الاول غزوہ احد دارالمعرفۃ بیروت ۲/ ۲۵

عہ یہ طبرانی نے معجم کبیر و معجم اوسط میں بسند صحیح ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔

انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا: لاتستضیئوا بنار المشرکین[1] مشرکوں کی آگ سے روشنی نہ لو۔

امام حسن بصری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اس کے معنی پُوچھے گئے، فرمایا: لاتستشیروا المشرکین فی شیئ من امورکم قال الحسن وتصدیق ذٰلك فی کتاب اللہ یایھا الذین لاتتخذوا بطانۃ من دونکم لایالونکم خبالا[2] ارشادِ حدیث کے یہ معنٰی ہیں کہ مشرکوں سے اپنے کسی معاملہ میں مشورہ نہ لو، پھر فرمایا اس کی تصدیق خود کلام اللہ میں موجود ہے کہ فرمایا اے ایمان والو! غیروں کو اپنا رازدار نہ بناؤ وُہ تمھاری بدخواہی میں کمی نہ کریں گے۔

اقول یہ حدیث بھی اصول حنفیہ کرام پر حسن ہے، طبری کے یہاں اس کی سند یہ ہے:

حدثنا ابوکریب ویعقوب بن ابراھیم قالاحدثنا ھشیم اخبرنا العوام بن حوشب عن الازھر بن راشد عن انس بن مالك رضی اللہ تعالٰی عنہ[3]

ابوکریب اور یعقوب بن ابراہیم نے ہمیں حدیث بیان کی اور کہا ہمیں ہشیم نے انھوں نے کہا ہمیں عوام بن حوشب نے ازہر بن راشد سے انھوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی (ت)

ابوکریب سے عوام بن حوشب تک سب اجلّہ مشاہیر ثقہ عدول رجال جملہ صحاح ستّہ سے ہیں اور ازہر بن راشد رجال سنن نسائی و تابعین سے ہیں ان پر کسی امام[عہ] معتمد سے کوئی جرح ثابت نہیں اور

عہ اما تضعیف ابن معین فلازھر بن راشد الکاھلی لا فی ھذا البصری الراوی عن انس وقد فرق بینھما ابن معین فضعف الکاھلی لاھذا کما بینہ الحافظ المزی فی تھذیبہ والحافظ

عہ لیکن ابن معین نے ضعیف کہا ہے تو ازہر بن راشد کاہلی کو کہا ہے اس بصری راشد کو جو انس رضی اللہ عنہ سے راوی ہے کی بابت نہیں کہا، ابن معین نے دونوں میں فرق کرتے ہُوئے کاہلی کو ضعیف کہا ہے اِس کو نہیں جیسا کہ حافظ مزی نے اپنی تہذیب

(باقی برصفحہ آیندہ)

---

[1] شعب الایمان حدیث ۹۳۷۵ دارالکتب العلمیہ بیروت ۷/ ۴۰

[2] " " " " ۷/ ۴۰

[3] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) زیر آیہ لاتتخذوا بطانۃ الخ المطبعۃ المیمنۃ مصر ۴/ ۳۸

یہ کہ اُن سے راوی صرف عوام بن حوشب ہیں جس کی بنا پر تقریب میں حسبِ اصطلاحِ محدثین مجہول کہا ہمارے نزدیک اصلاً جرح نہیں خصوصاً تابعین میں، مسلم الثبوت میں ہے:

لا جرح بان له راویا واحدا وهو مجهول العين[۱] (ملتقطا)

یہ کوئی جرح کی بات نہیں کہ اُس سے ایک ہی شخص نے روایت کی یا اسے مجہول العین کہتے ہیں۔

فواتح الرحموت میں ہے:

وقيل لا يقبل عند المحدثين وهو تحكم[۲]

اور بعض نے کہا ایسا راوی محدثین کے نزدیک مقبول نہیں اور یہ نری زبردستی ہے۔

فصول البدائع میں ہے:

العدالة فيما بين رواة الحديث هي الاصل ببركته وهو الغالب بينهم في الواقع كما نشاهده فلذا قبلنا مجهول القرون الثلثة في الرواية[۳]

راویانِ حدیث میں حدیث کی برکت سے عدالت ہی اصل ہے اور مشاہدہ شاہد کہ واقع میں ثقہ ہونا ہی اُن میں غالب ہے اسی لئے قرونِ ثلٰثہ کے مجہول کی روایت ہمارے ائمہ قبول کرتے ہیں۔

بعض روایات کہ استعانت میں پیش کی جاتی ہیں اُن کا حال

فائدہ ثالثہ: بعض روایات کہ ان احادیث صحیحہ بلکہ آیات صریحہ کے مقابل پیش کی جاتی ہیں اُن میں کوئی صحیح و مفید مدعائے مخالف نہیں، محقق

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

العسقلاني في تقريبه واما قول الازدي منكر الحديث فالازدي نفسه مجروح ضعيف بشديد التعنت في الرجال معروف ثم قوله منكر الحديث جرح مبهم غير مفسر كما نصوا عليه ۱۲ منه غفرله۔

میں اور حافظ عسقلانی نے اپنی تقریب میں بیان کیا ہے لیکن ازدی کا اس کو منکر الحدیث کہنا معتبر نہیں اس لئے کہ ازدی خود مجروح، ضعیف اور رجالِ حدیث پر طعن کرنے والا مشہور ہے پھر منکر الحدیث کہنا یہ غیر واضح، مبہم جرح ہے جیسا کہ علماءِ نقد نے تصریح کی ہے ۱۲ منہ غفرلہ (ت)

---

[۱] مسلم الثبوت مسئلۃ معرف العدالۃ الشہرۃ مطبع انصاری دہلی ص ۱۹۲

[۲] فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت بذیل المستصفٰی، مسئلہ مجہول الحال منشورات الشریف الرضی قم ایران ۲/ ۱۴۹

[۳] فصول البدائع

کافر کو کتا بنا کر استعانت جائز ہے جب وہ ہمارے ہاتھ میں کُتّے کی طرح مسخّر ہو ارشاد ہوا:

لان قتالهم بهذه الصفة لاعزاز الدين والاستعانة عليهم باهل الشرك كالاستعانة بالكلاب[1]

دو ورق پہلے فرمایا:

والاستعانة باهل الذمة كالاستعانة بالكلاب[2]

(یعنی اس لئے کہ جب وہ اس حالت پر ہوں تو ان کا لڑنا ہمارے ہی دین کے اعزاز کو ہو گا اور حربیوں پر ان ذمی مشرکوں سے استعانت ایسی ہوگی جیسے شکار میں کتّوں سے مدد لیتے ہیں دوسرے یہ کہ وہ ہمارے ہاتھ میں کُتّوں کی طرح مسخّر ہوں کہ ان کا فعل ہمارے ہی لئے ہو ہمارے ہی دین کے اعزاز کے واسطے ہو) کتّے سے شکار میں استعانت کب جائز ہوتی ہے جبکہ وہ وقت شکار سارا کام ہمارے ہی لئے کرے اُس میں سے اپنے واسطے کچھ نہ کرے اگر شکار مارا اور ماشہ بھر اُس کا گوشت کھا لیا شکار حرام ہے تو استخدام بتایا اور وہ بھی سب سے ذلیل (یعنی جیسے کُتّے سے خدمت لیتے ہیں اور شرط فرما دی کہ وہ خود سری سے یکسر نکل کر محض ہمارے لئے آلہ بن گئے ہوں یہ نہ ہو گا مگر اُسی صورت میں کہ ہم نے منقّح کی وللہ الحمد۔

ذلیل و قلیل کافروں سے استعانت کی اجازت ہو گی نہ کہ انبوہِ کثیر سے

اقول اور اس کے لئے ضرور ہے کہ وہ معدودے چند ذلیل قلیل ہوں کہ بڑا گروہ ہُوا تو ممکن کہ میدان میں پہنچ کر کافروں کا لشکر دیکھ کر شرارت پر آئے اور پھن دکھائے ممکن کہ یہی حکمت ہو کہ روزِ اُحد چھ سو یہود کو واپس فرما دیا کہ یہ بڑا جتھا ہُوا خصوصًا اس حالت میں کہ مسلمان صرف سات سو اور مغلطائی کی روایت میں چھ ہی سو تھے، اور غزوہ خیبر میں حسب روایت واقدی صرف دس یہود کو ہمراہی کا حکم فرمایا کہ مسلمان ایک ہزار چار سو تھے

عہ اخرجہ الواقدی فی مغازیہ عن   واقدی نے اپنے مغازی میں

(باقی بر صفحہ آئندہ)

---

[1] المبسوط للسرخسی   باب آخر فی الغنیمۃ   دار المعرفۃ بیروت   ۱۰/۱۳۸

[2] " " "   کتاب السیر ۱۰/۲۳ باب الخوارج   " " "   ۱۰/۱۳۴

ان یکون فعلہ مؤثرا فی باطنھم بخلاف الکفار[1]

اُسے حق جانتے ہیں تو ضرور اپنے دل میں اُس کے فعل سے متاثر ہوں گے بخلاف کفار۔

دیکھو امام نے کیا کیا اور تم کیا کر رہے ہو کیوں اسلام و کفر ملاتے ہو

ثالثاً حضرت امام رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا نام پاک لیتے ہوئے شرم چاہیے تھی، کیا امام تو امام اُن کے غلام اُن کے در کے کسی کتے نے معاذ اللہ مشرکوں سے مدد مانگی، کیا کسی مشرک کا دامن تھاما، کیا کسی مشرک کے پس رو بنے، کیا مشرکوں کی جے پکاری، کیا مشرکوں سے اتحاد گانٹھا، کیا مشرکوں کے حلیف بنے، کیا ان کی خوشامد کے لئے شعارِ اسلام بند کرنے میں کوشاں ہوئے، کیا قرآن و حدیث کی تمام عمر بُت پرستی پر نثار کر دی وغیرہ وغیرہ شنائع کثیرہ، بہتّر تن سے بیئس ہزار فجار کا مقابلہ فرمایا، امام کا نام لیتے ہو تو کیا تم میں بہتّر مسلمان بھی نہیں جب تیئس۲۳ کروڑ مشرکین تمہارے ساتھ ہوں گے اُس وقت تم میں بہتّر مسلمانوں کا عدد پورا ہوگا، قرآن کو پیٹھ دینے والو! کیوں امام کا نام لیتے ہو، اسلام سے اُلٹے چلنے والو! کیوں مسلمانوں کو دھوکے دیتے ہو، دہلی میں فتویٰ چھاپ دیا کہ اس وقت جہاد واجب نہیں بے سروسامانی کے جواب تو امام کی نظیر پیش ہوگئی اور حالت یہ کہ ذرا سی دھوپ سے بچنے کو کبوتروں کی چھاؤں ڈھونڈھ رہے ہیں، کیا تم اپنے ہی فتوے سے نہ صرف تارکِ فرض و مرتکبِ حرام بلکہ راضی بہ غلبہ کفر و ذلت اسلام نہ ہوئے، امام کا توکل اللہ پر تھا اور تمہارا اعتماد اعداء اللہ پر۔ یقین جانو کہ اللہ سچا اللہ کا کلام سچا "لا یالونکم خبالا" مشرکین تمہاری بدخواہی میں کمی نہ کریں گے، وہ جھوٹا فتویٰ اور یہ پوچ بھروسا اور خادمانِ شرع پر اُلٹا غصہ کہ کیوں خاموش رہے کیوں سینہ سپر نہ ہوئے، یہ ہے تمہاری خیر خواہی اسلام، یہ ہیں تمہارے دل ساختہ احکام جن پر نہ شرع شاہد نہ عقل مساعد، مسلمان ہونے کا دعویٰ ہے تو اسلام کے دائرے میں آؤ، تبدیل احکام الرحمٰن و اختراع احکام الشیطان سے ہاتھ اٹھاؤ، مشرکین سے اتحاد توڑو، دیوبندیہ وغیرہم مرتدین کا ساتھ چھوڑو کہ تمہیں محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دامنِ پاک اپنے سایہ میں لے، دنیا نہ ملے نہ ملے دین تو اُن کے صدقے میں ملے۔

یایھا الذین اٰمنوا ادخلوا فی السلم کافۃ ولا تتبعوا خطوٰت الشیطٰن انہ لکم عدو

اے ایمان والو! اسلام میں پورے داخل ہو جاؤ شیطان کے پس رو نہ بنو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے

---

[1] شرح السیر الکبیر

مبین ٥ فان زللتم من بعد ما جاء تکم بالبینٰت فاعلموا ان اللہ عزیز حکیم ٥ ھل ینظرون الآان یاتیھم اللہ فی ظلل من الغمام والملٰئکۃ وقضی الامر و الی اللہ ترجع الامورؒ٥

پھر اگر روشن دلیلیں آنے پر تمہارا قدم لغزش کرے تو جان لو کہ اللہ غالب حکمت والا ہے کا ہے کے انتظار میں ہیں سوا اس کے کہ گھٹا ٹوپ بادلوں میں اللہ کا عذاب اور فرشتے آئیں اور کام تمام ہو اور اللہ ہی کی طرف سب کام پھرتے ہیں۔

ربنا علیك توکلنا والیك انبنا والیك المصیر ٥ ربنا لا تجعلنا فتنۃ للذین کفروا و اغفرلنا ربنا انك انت العزیز الحکیم ٥ ربنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین٥ اٰمین یا ارحم الراحمین ٥ وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا و مولٰنا و ملجانا و ماوٰنا محمد و اٰلہ وصحبہ اجمعین دائما ابدا الاٰبدین عدد کل ذرۃ الف الف مرۃ فی کل اٰن و حین والحمد للہ رب العٰلمین، واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم و علمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

فقیر احمد رضا قادری عفرلہ

ؔ القرآن الکریم ۲/ ۲۰۸ تا ۲۱۰